© rasailojaraid.com



## تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

**ماہنامہ الفرقان لکھنو خصوصی نمبر۔ بیاد :- مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ علیہ**

**مرتب :- مولانا عتیق الرحمن سنبھلی۔ شمارہ :- اپریل تا اگست ۱۹۹۸ء قیمت :- ۲۰۰ روپے مع محصول ڈاک پاکستان اعلیٰ ایڈیشن ( عام ۱۵۰ روپے )۔ ناشر :- دفتر الفرقان ۳۱ / ۱۱۴ نظیر آباد لکھنو (انڈیا)۔**

---

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں ۔ وہ عصر حاضر کی ان ممتاز ہستیوں میں سے تھے جن کی زندگی ایک مستقل تاریخ ہے ۔ اس قحط الرجال میں مولانا جیسے حکمت دین سے واقف صاحب فہم وبصیرت مدبر عالم قوم کے دردمند مصلح اور غمگسار وہمدرد کا ملنا بہت ہی مشکل ہے ۔ مولانا ایک عالم ومصنف اور صاحب سلوک وعرفان بزرگ ہی نہ تھے بلکہ زمانے کے نبض شناس وقت کے تقاضوں اور حالات سے باخبر اور عاقبت میں بین بھی تھے ۔ وہ مذہبی اصلاحی قومی ملی تعلیمی اوراجتماعی جدوجہد کے ہر محاذ پر سرگرم اور متحرک دکھائی دیتے تھے ۔ انہیں مسلمانوں کے موجودہ پستی وزبوں حالی کا پوری طرح احساس بھی تھااور وہ اسکے ازالے کیلئے نہایت فکر مند بھی رہتے۔ ماہنامہ الفرقان جس کا اجراء آں مرحوم نے ۱۹۳۴ء میں کیا تھا ۔ درمیان میں چارماہ کے مختصر وقفہ کو چھوڑکر گذشتہ ۶۴ سال سے مسلسل اور مستقل شائع ہوتا چلاآرہا ہے ۔ اور اس کے خصوصی نمبروں کی بنیاد بھی آپؒ ہی نے رکھی تھی ۔ چنانچہ الفرقان کے کئی خصوصی نمبر مختلف اوقات میں خصوصی اہمیت کے ساتھ منصۂ شہود و وجود پر آئے ۔ جن میں مجدد الف ثانی نمبر، شاہ ولی اللہ نمبر اور بعد میں شیخ الحدیث ( مولانا محمد زکریاؒ ) نمبر انتہائی قابل ذکر ہیں ۔ آپ کے سانحہ ارتحال کے بعد آپکے صاحبزادگان نے اپنے عظیم والدمرحوم کے سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے اور اکثر حضرات کے اصرار اور تمنا کو ملحوظ رکھتے ہوئے آپ کی ہمہ جہت اور بھرپور علمی تبلیغی اصلاحی اور تحریکی زندگی پر ایک عظیم الشان نمبر نکالا ہے ۔ جوکہ ہرلحاظ سے آں مرحومؒ کی شایان شان ہے ۔ اور آپکی شخصیت کو سمجھنے ، پہچاننے کیلئے گویا ایک حسین مرقع اور دلکش گلدستہ بھی جس میں ہر مضمون اور ہر مقالہ قابل مطالعہ ہے مگر مولانا عتیق الرحمان صاحب سنبھلی نے اپنے عظیم والد پر جو مقالہ پیش کیا ہے اور جو مضمون ترتیب دیا ہے وہ گویا اس تمام نمبر کی کشیداور عطر ہے ۔ "الفرقان" کا یہ خصوصی نمبر بلاشبہ برصغیر کے تمام لائبریریوں کی زینت بننے کا مستحق ہے اور سیروتاریخ سے دلچسپی رکھنے ،اپنی شخصیت کو سنوارنے اور اس کو جادہ مستقیم پر رواں دواں کرنے والوں کیلئے ایک بہترین گائیڈاور رہنما نمبر ہے

© rasailojaraid.com